# کتاب نما

سیرت البم : مرتبہ شاہ مصباح الدین شکیل۔ ناشر: پاکستان اسٹیٹ آئل کمپنی لمیٹڈ' داؤد سنٹر' مولوی تمیزالدین خاں روڈ' پوسٹ بکس نمبر ۳۹۸۳' کراچی۔ صفحات ۱۲۰۔ قیمت درج نہیں۔

پاکستان اسٹیٹ آئل کمپنی لمیٹڈ نے پاکستان کی خدمت نہ صرف مادی پہلو سے تیل (پٹرول) کے ذریعے کی بلکہ روحانی و ایمانی پہلو سے بھی سیرتِ پاک' پر شاندار کام کر کے لازوال خدمت انجام دی۔ ادھر تیل تھا اور ادھر تیل کی دھار۔ اس کمپنی نے سود وزیاں کے چکر سے بالاتر ہو کر یہ مقامِ سعادت حاصل کیا۔ کاش دوسرے سرکاری اور غیر سرکاری کاروباری ادارے بھی ایسی خدمات سے پاکستان اور دنیا کو مالامال کر دیں۔

یہ کام جو سیرتِ احمدِ مجتبیٰ ۲ جلد سے شروع ہو کر اسی کے تعلق سے سیرت البم تک پھیلا ہوا ہے' شاید اس شان سے تکمیل نہ پاتا' اگر شاہ مصباح الدین شکیل جیسی شخصیت تیل کے سمندر سے سورج کی طرح طلوع نہ ہوتی۔ سچ کہتا ہوں کہ میں جن کاموں سے متاثر ہوا ہوں ان میں سے ایک یہ البم ہے' اور جس شخص کو میں محبت و احترام کے قابل سمجھتا ہوں' وہ شاہ مصباح الدین شکیل ہیں۔ ان کی تحقیق' ان کی تحریر اور ان کا حسنِ ترتیب' سامانِ کششِ دل ہے۔

میاں محمد فرید مینجنگ ڈائریکٹر پی' ایس' او کے لکھے ہوئے پیش لفظ کی دو چار سطروں میں اس البم کی ماہیت اور اس کے لیے سعی و جہد کا جامع بیان ہے :

> پاکستان اسٹیٹ آئل کمپنی کو اللہ تعالیٰ نے دونوں نعمتوں سے نوازا ہے جن کا کچھ حصہ اسلامی تعلیمات کی ترویج' رفاہی کاموں اور ملک کی ہمہ جہتی ترقی کی مساعی پر صرف کیا جاتا ہے۔ سیرت البم بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ یہ ۱۹۷۹ سے کی جانے والی منظم اور مفصل کوششوں کا حاصل ہے۔ اس کے مولف نے ساڑھے چار مہینے حجاز مقدس میں گزارے اور سیرتِ طیبہ کے اہم تاریخی مقامات مکہ' مدینہ' طائف' بدر' احد' حدیبیہ' الحساء' خیبر' مدائن صالح وغیرہ کا بہ چشمِ خود مشاہدہ کیا۔ ان سے متعلق معلومات